بینک دولت پاکستان

شعبۂ بینکاری پالیسی وضوابط

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

بی پی آرڈی سرکلر نمبر 09 برائے 2018ء　　　　　　18 اکتوبر 2018ء

چیئرمین اور صدور / چیف ایگزیکٹو آفیسرز،

تمام بینک / ترقیاتی مالی ادارے

محترم / محترمہ،

اہلیت اور موزونیت کی جانچ (ایف پی ٹی) کا معیار

بینک / ترقیاتی مالی اداروں کے لیے براہِ کرم بی پی آرڈی سرکلر نمبر 4 برائے 2007ء، بی پی آرڈی سرکلر نمبر 5 برائے 2015ء اور وقتاً فوقتاً ترمیم کی جانے والی دیگر ہدایات ملاحظہ کریں۔

2۔ بینک دولت پاکستان 'اہلیت اور موزونیت کی جانچ' (Fit & Proper Test) کا معیار مستحکم بنانے کے لیے وقتاً فوقتاً ہدایات جاری کرتا رہا ہے۔ منی لانڈرنگ، دہشت گردی میں مالی مدد اور پھیلاؤ میں مالی مدد کے حوالے سے سامنے آنے والے ممکنہ خطرات کے پیشِ نظر ضروری ہے کہ مجرمانہ سرگرمیوں یا دہشت گرد تنظیموں سے وابستہ کوئی فرد بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کا حصہ نہ بننے پائے۔

3۔ چنانچہ کوئی اسپانسر شیئر ہولڈرز / مستفید مالکان، ڈائریکٹرز، صدور یا کلیدی عہدیداران (وہ افراد جن پر ایف پی ٹی لاگو ہوتا ہے) اگر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد یا انسدادِ دہشت گردی ایکٹ 1997ء کے تحت نامزد / ممنوعہ اداروں / افراد کے ساتھ بلاواسطہ یا بالواسطہ طور پر وابستہ ہوں تو نااہل ہو جائیں گے۔ آئندہ سے تمام بینکوں / ترقیاتی مالی اداروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ضمیمہ-V کے مطابق نظر ثانی شدہ ایف پی ٹی سوال نامہ اور ضمانت نامہ بینک دولت پاکستان کے پاس جمع کرائیں جس میں تصدیق کی گئی ہو کہ جس فرد پر ایف پی ٹی لاگو ہوتا ہے اس کی نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) سے توثیق کرا لی گئی ہے اور قابلِ اطلاق قوانین، قواعد اور ضوابط کے مطابق نامزد / ممنوعہ اداروں اور افراد کی فہرست (فہرستوں) سے اس کی جانچ کر لی گئی ہے۔

4۔ مزید بر آں، اعادہ کیا جاتا ہے کہ ایف پی ٹی مسلسل نوعیت کا ہے۔ اس ضمن میں بعد میں ہونے والی کسی تبدیلی کی اطلاع بورڈ آف ڈائریکٹرز اور / یا متعلقہ ادارہ بشمول بینک دولت پاکستان کو فی الفور دی جائے گی۔

5۔ براہِ کرم وصولی سے مطلع فرمایئے۔

منسلکہ:

ضمیمہ-II کا نظر ثانی شدہ سوالنامہ

ضمیمہ-V

آپ کا مخلص

(محمد سلیم)

ایڈیشنل ڈائریکٹر